10-10-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ مرکزی حکومت نے آج تمام ریاستی حکومتوں کے لئے ایک لاکھ 78 ہزار کروڑ روپے سے زائد ٹیکس منتقلی کی رقم جاری کی۔ تلنگانہ کو تین ہزار سات سو پینتالیس کروڑ روپئے ملیں گے۔

☆ بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے وزیر جنگلات کونڈا سریکھا کے خلاف ہتک عزت کا ایک مقدمہ دائر کیا ہے۔

☆ عالمی یوم دماغی صحت کے موقع پر آج نئی دہلی میں صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت کی جانب سے ٹیلی مانا س ایپ اور ویڈیو کال کی سہولت شروع کی گئی۔

☆ توقع ہے کہ ہندوستان کے ٹیکسٹائیل شعبہ میں سال 2030 تک تقریباً تین سو پچاس بلین ڈالر کا اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆

عالمی یوم دماغی صحت کے موقع پر آج نئی دہلی میں صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت کی جانب سے ٹیلی مانا س ایپ اور ویڈیو کال کی سہولت شروع کی گئی۔ اس موقع پر صحت کی عالمی تنظیم (ڈبلیو ایچ او) کی ٹیلی مانس تجزیاتی رپورٹ اور ملازمین کیلئے ایک خودکار ماڈل بھی جاری کیا گیا۔ اس سال کا موضوع ''کام کی خصوصیات پر دماغی صحت، دماغی صحت اور کام کے مقامات پر اہم ربط'' دیا گیا ہے۔ وزارت نے اس کے علاوہ ٹیلی مانس ہیلپ لائن کے دو سال کی تکمیل کو بھی منایا۔ وزارت کی ایڈیشنل سکریٹری آرادھنا پٹنائیک نے کہا کہ کام کے مقام پر دماغی دباؤ سے نمٹنے کے لئے حل ڈھونڈ نکالنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ کام کی زندگی کا متوازن ہونا دماغی صحت کو ٹالنے میں بڑا رول ادا کرسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے وزیر جنگلات کونڈا سریکھا کے خلاف ہتک عزت کا ایک مقدمہ دائر کیا ہے۔ انہوں نے یہ مقدمہ ناملی عدالت میں دائر کیا ہے۔ اس سے پہلے کے ٹی آر نے سریکھا کو ایک قانونی نوٹس روانہ کی تھی اور ان سے اپنے نازیبا ریمارکس پر برسر عام معذرت خواہی کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ تارک راماراؤ نے اپنی درخواست میں الزام عائد کیا ہے کہ ریاستی وزیر نے ان کے خلاف جھوٹے اور انتہائی نازیبا ریمارکس کہے ہیں۔ کے ٹی آر نے سریکھا کے بیان کو ان کی عوامی ساکھ کو متاثر کرنے کی ایک کوشش قرار دیا۔ علاوہ ازیں کے ٹی آر نے اس سلسلہ میں نیوز چینلس پر ٹیلی کاسٹ ہوئی ویڈیو ریکارڈنگس اور مختلف اخبارات میں شائع ہوئی رپورٹس کا بھی حوالہ دیا۔ کے ٹی آر نے عدالت سے اپیل کی کہ بنا کسی ثبوت کے سریکھا کے ریمارکس پر غور وخوص کیا جائے اور قانون کی مختلف دفعات کے تحت ان کے خلاف کاروائی کی جائے۔ ناملی کی عدالت نے اداکار اکینینی ناگرجنا کی جانب سے داخل کردہ ہتک عزت مقدمہ کے تحت آج وزیر سریکھا کو نوٹس روانہ کی۔ مقامی عدالت نے اس معاملہ کی اگلی سماعت اس ماہ کی 23 تاریخ کو مقرر کی ہے۔ ناگرجنا نے سمانتا۔ ناگا چتنیا طلاق کے معاملہ میں نازیبا الفاظ ادا کرنے پر خاتون وزیر کے خلاف سو کروڑ روپئے کا ہتک عزت کا مقدمہ دائر کیا ہے۔ عدالت نے اس معاملہ کی پہلی سماعت کے بعد اگلی سماعت 14 اکتوبر تک کیلئے ملتوی کردی ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے سرکردہ صنعت کار رتن ٹاٹا کی موت پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ملک ایک عظیم شخص سے محروم ہوگیا ہے۔ سی ایم کے مطابق ٹاٹا کی موت نہ صرف صنعتی شعبہ کے لئے بلکہ سارے ملک کے لئے ایک بہت بڑا نقصان ہے۔ ریونت ریڈی کے مطابق رتن ٹاٹا نے تجارت کے میدان میں اقدار اور عزائم کو ملحوظ رکھا تھا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے عوام سے اپیل کی ہے کہ دسہرہ کے موقع پر ٹرایفک قوانین پر عمل پیرا رہنے کے لئے عہد کریں۔ سڑک حادثات کی تعداد میں اضافہ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیر نے عوام سے آج ایک ویڈیو پیام کے ذریعہ یہ اپیل کی۔ بتکماں اور دسہرہ کے موقع پر عوام کو مبارک باد دیتے ہوئے پونم پربھاکر نے ٹرایفک قوانین کی پاسداری کرنے کیلئے عہد کرنے پر زور دیا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی حکومت نے آج تمام ریاستی حکومتوں کے لئے ایک لاکھ 78 ہزار کروڑ روپئے سے زائد ٹیکس منتقلی کی رقم جاری کی۔ مرکزی وزارت فینانس کے مطابق مجوزہ تہواروں کے پیش نظر قسط قبل از وقت جاری کی گئی ہے تا کہ ریاستیں ترقیاتی کام اور فلاحی اقدامات کیلئے رقومات خرچ کرسکیں۔ تلنگانہ کو تین ہزار سات سو پینتالیس کروڑ روپئے پر مشتمل ٹیکس کی رقم حاصل ہوئی ہے۔

☆☆☆☆☆

سابق وزیر اعلیٰ و بی آر ایس پارٹی کے صدر چندر شیکھر راؤ نے بتکماں تہوار کے موقع پر تلنگانہ کے عوام بالخصوص خواتین کو دلی مبارک باد دی ہے۔ انہوں نے تلنگانہ میں امن و خوشحالی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے اور سینئر ایم ایل اے ہریش راؤ نے بھی مبارک باد دیتے ہوئے بتکماں کو ایک ایسا تہوار قرار دیا جو تلنگانہ کی تہذیب و روایات کی عکاسی کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆

ایک بھارت سریشٹ بھارت (EBSB) کے تحت یوواسنگم کے پانچویں مرحلہ کیلئے مرکزی وزارت تعلیم کی جانب سے آج رجسٹریشن پورٹل جاری کیا گیا۔ یوواسنگم کو حکومت ہند نے شروع کیا ہے تا کہ ملک کی ریاستوں، مرکزی زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے عوام کے درمیان رابطے کو مستحکم کیا جائے۔ اس سلسلہ میں رجسٹریشن کا عمل اکیس اکتوبر تک جاری رہے گا۔ تلنگانہ کو ہماچل پردیش کے ساتھ جوڑا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

سال 2024 کے لئے دوسری فوجی کمانڈر کانفرنس کا پہلا مرحلہ آج سے سکم کے علاقہ گنگ ٹوک میں ہیبرڈ طریقہ سے منعقد کیا جائے گا۔ دو روزہ اس کانفرنس کے دوران سینئر کمانڈرس اور موجودہ آپریشنوں کی تیاری، اہم حکمت عملیوں اور مستقبل کے تعلق سے جائزہ لینے کا موقع ملے گا۔ وزیر داخلہ راج ناتھ سنگھ خطاب کریں گے اور ایمرجنسی سکیورٹی چیلنجس پر تفصیلی روشنی ڈالیں گے۔

☆☆☆☆☆

صدر نشین مائناریٹی ڈپارٹمنٹ ٹی پی سی سی کے مستعفیٰ ہونے کے بعد یہ عہدہ خالی ہے لہذا اس عہدہ کو پُر کرنے کی ضرورت ہے۔ کانگریس کے سینئر قائدین سید مجتبیٰ عابدی اور حیدر علی خان نے کہا کہ اس عہدہ کے لئے حیدرآباد سٹی مائناریٹی ڈپارٹمنٹ کے چیئرمین شیخ ارشد، ٹی پی سی ترجمان فاروق پاشاہ قادری یا نظام الدین جمال جیسے افراد کو موقع دیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

مختلف شعبہ حیات میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ٹی ہب گچی باؤلی میں تلنگانہ آئیکون ایوارڈ تقریب منعقد ہوئی۔ تلنگانہ اقلیتی کمیشن کے چیئرمین طارق انصاری، سجنا شاہ، کنول سنگھ اور خلیق الرحمٰن نے مہمانان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ عبدالمعید (بانی گلوبل بلاگرس کمیونٹی و تلنگانہ بلاگرس کمیونٹی) نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔ مقررین نے سوشیل میڈیا کے استعمال میں احتیاط پر زور دیا۔

☆☆☆☆☆

قومی گرین ٹریبونل نے آلودگی بالخصوص ضلع سنگاریڈی کے علاقہ پٹن چیرو میں واقع ساکھی ندی میں طبی اشیاء کے کچرہ کی موجودگی پر ماحولیات کی وزارت سے وضاحت طلب کی ہے۔ گرین پینل نے اپنے طور پر اس معاملہ کی سماعت کی جیسا کہ مذکورہ جھیل میں دواؤں کا استعمال شدہ کچرہ چھوڑا جا رہا ہے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد میں ٹینک بنڈ پر آج شام بتکماں تہوار کے اختتام پر خصوصی پروگرام بڑے پیانے پر منعقد کیا جائے گا۔اس موقع پر مختلف کلچرل پروگرام ہوں گے۔اس سے پہلے تقریباً دس ہزار خواتین نے بتکماں کو سجایا۔یہ سلسلہ سکریٹریٹ پر واقع یادگار شہیداں سے شروع ہوا جو ٹینک بنڈ پہنچے گا۔فنکاروں کی جانب سے ان کے فن کا مظاہرہ کیا جائے گا اوراس کے علاوہ آتش بازی اور لیزر شروع بھی ہوگا۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اپنے کابینی رفقاء کے علاوہ مرکزی وزیر کشن ریڈی اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔اس پروگرام کے سلسلہ میں مختلف ٹرائیفک تحدیدات عائد کی گئی ہیں۔

☆☆☆☆☆

توقع ہے کہ ہندوستان کے ٹیکسٹائیل شعبہ میں سال 2030 تک تقریباً تین سو پچاس بلین ڈالر کا اضافہ ہوگا۔اگست 2024 تک حاصل کردہ اعداد وشمار کے مطابق ٹیکسٹائیل کے شعبہ میں ہر سال 11 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ٹیکسٹائیل کی مرکزی وزارت نے کہا کہ مرکزی حکومت کا مقصد ہے کہ اس سلسلہ میں مختلف اسکیمات اور پالیسیاں اپنائی جائیں۔

☆☆☆☆☆